# 05-01-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت سیول سروس امتحانات کی تیاری کرنے والے امیدواروں کی مدد اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کی پابند ہے۔

۲۔سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو نے کہا ہے کہ تلگو زبان کی حفاظت کی جانی چاہیئے اور اسے آئندہ نسلوں تک پہنچانے کی ذمہ داری نبھانی چاہیئے۔

۳۔بی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راؤ نے رعیتو بھروسہ مدد کو محدود رکھتے ہوئے کسانوں سے دھوکہ کرنے پر ریونت ریڈی پر تنقید کی ہے۔

۴۔تلنگانہ حکومت نے ریاست کے تمام اسکولوں کو اس مہینہ کی 11 سے 17 تاریخ تک سنکرانتی کی چھٹیوں کا اعلان کیا ہے۔

OO

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے سیول سروس امتحانات کے لئے تیاری کرنے والے امیدواروں کی مدد اور نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لئے ریاستی حکومت کے عہد کا اظہار کیا ہے۔حیدرآباد کے پرجا بھون میں ہونے والے ایک پروگرام میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے سیول سروس مین امتحان کامیاب کرنے والے 20 امیدواروں کے لئے راجیو گاندھی سیول ابھیاستم اسکیم کے تحت ایک لاکھ روپے کی مالی مدد تقسیم کی۔وزیراعلیٰ نے اس بات کو نمایاں کیا کہ ان کی حکومت کے پہلے سال میں 55 ہزار 143 سرکاری تقررات کئے گئے جو ملک میں اپنی طرح کا مثالی قدم ہے۔انہوں نے یہ بات نوٹ کی کہ 14 سال بعد گروپ I امتحانات کامیابی کے ساتھ مکمل کئے گئے اور 31 مارچ تک تقررات پورے ہوں گے۔نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا اور وزیر زراعت تملا ناگیشور راؤ نے بھی اس پروگرام میں شرکت کی۔

OO

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے یدادری بھونگیر ضلع کے بی بی نگر ضلع میں ایس سی اور بی سی گرلز ریسیڈنشیل اسکول کا اچانک دورہ کیا۔انہوں نے طالبات کو دئے جانے والے کاسمیٹک چارجس اور مینو کا جائزہ لیا۔انہوں نے لڑکیوں کے ساتھ دوپہر کا کھانا کھایا۔میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ویلفیر ہاسٹلس کی طالبات اسی وقت جسمانی اور دماغی اعتبار سے مضبوط ہوسکتی ہیں جب انہیں تغذیہ بخش کھانا دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ مالی چیالنجز کے باوجود حکومت بچوں کی صحت کو اہمیت دیتے ہوئے کھانے اور کاسمیٹک چارجس میں اضافہ کیا ہے۔انہوں نے نشاندہی کی کہ وزیر آئی اے ایس اور آئی پی ایس عہدیدار مستقل طور پر ریسیڈنشیل اسکولس اور ویلفیر ہاسٹلس کا دورہ کررہے ہیں تاکہ وہاں دی جانے والی سہولتوں کی نگرانی کی جاسکے۔

OO

ریاستی وزیر ٹرانسپورٹ اور بی سی ویلفیر پونم پربھاکر نے حسن آباد بلدی حدود میں آج کئی ترقیاتی کاموں کے لئے سنگ بنیاد رکھا۔انہوں نے 18 کروڑ روپے کے خرچ سے حسن آباد، ایلما ٹینک بنڈ کو خوبصورت بنانے اور ترقی دینے کے کاموں کے لئے سنگ بنیاد رکھا۔وزیر نے کہا کہ ریاست کی خراب مالی حالت کے باوجود کابینہ نے رعیتو بھروسہ کی مدد کو 10 ہزار روپے سے بڑھا کر 12 ہزار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کی حکومت تمام شعبوں میں ریاست کو ترقی دینا چاہتی ہے۔

○○

بھارت راشٹر سمیتی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے آج اندراماں بھروسہ اسکیم پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ تلنگانہ حکومت نے رعیتو بھروسہ کی مدد کو وعدہ کے مطابق 15 ہزار کرنے کے بجائے سالانہ 12 ہزار کرتے ہوئے کسانوں کو دھوکہ دیا ہے۔ رعیتو بھروسہ کے بارے میں تلنگانہ کابینہ کے فیصلہ پر ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے انہوں نے کئی درخواستوں کے باوجود کسانوں کی اسکیم پر عمل کرنے میں ناکام رہنے کے لئے کانگریس پر تنقید کی۔ کے ٹی آر نے کہا کہ ورنگل رعیتو اعلامیہ اور کسانوں سے کئے گئے راہول گاندھی کے وعدے کھوکھلے ثابت ہوئے اور ان کا کوئی مطلب نہیں رہا۔ حالانکہ ان کی کافی تشہیر کی گئی تھی۔

○○

کانگریس عادل آباد، نظام آباد اور کریم نگر ضلعوں میں کل سے تین روزہ تیاری میٹنگس کریں گی تا کہ مجالس مقامی کے چناؤ اور عادل آباد، نظام آباد، کریم نگر، میدک ضلعوں کی گریجویٹ ایم ایل سی نشست کے لئے پارٹی کارکنوں کو تیار کیا جاسکے۔ یہ نشست مارچ کے ختم تک خالی ہورہی ہے۔ عادل آباد میں کل، نظام آباد میں سات تاریخ اور کریم نگر میں آٹھ تاریخ کو یہ میٹنگ ہوگی۔

○○

سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو نے کہا ہے کہ ہم تلگو زبان کے وارث ہیں اور اسے مستقبل کے نسلوں تک پہنچانا ہماری ذمہ داری ہے۔ حیدرآباد میں آج انٹرنیشنل تلگو فیڈریشن کانفرنس میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مادری زبان میں بات چیت کی عادت اپنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ ملک میں کئی اونچے عہدوں پر فائز لوگوں نے اپنی مادری زبان میں تعلیم حاصل کی تھی۔ ہر زبان کی انفرادیت کو نمایاں کرتے ہوئے انہوں نے ریمارک کیا کہ تلگو ایک خاص اہمیت رکھتی ہے جس میں کئی محاورے ہیں جن سے زندگی کے مطلب کو پہنچایا جاسکتا ہے۔ وینکیا نائیڈو نے کہا کہ ابتدائی تعلیم تلگو زبان میں دینی چاہئے۔

○○

تلنگانہ حکومت نے اس مہینہ کی 11 سے 17 تاریخ تک ریاست میں تعلیمی اداروں کے لئے سنکرانتی کی چھٹیوں کا اعلان کیا ہے۔ اسکولس 18 تاریخ کو پھر سے کھلیں گے۔ اس دوران ساؤتھ سنٹرل ریلوے نے 52 اضافی خصوصی ٹرینوں کا اعلان کیا۔ یہ ٹرینیں سکندرآباد، کاچی گوڑہ اور چرلہ پلی ریلوے اسٹیشن سے اس مہینہ کی چھ سے اٹھارہ تاریخ تک کاکیناڈا، نرساپور، تروپتی اور سریکاکولم سمیت آندھراپردیش کے الگ الگ مقامات تک چلیں گی۔

○○

سڑکوں اور عمارتوں کے وزیر کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے کہا ہے کہ حیدرآباد۔ وجئے واڑہ قومی شاہراہ کو چھ لین میں توسیع دینے کے کام مئی کے پہلے ہفتہ میں شروع ہوں گے۔ وزیر نے کہا کہ حیدرآباد۔ وجئے واڑہ قومی شاہراہ پر 17 مقامات کی نشاندہی کی گئی ہے اور ان پر کام جاری ہے۔ وزیر کومٹی ریڈی نے نیشنل ہائی وے سیفٹی مہینہ کے تحت نلگنڈہ ضلع کے چٹیال منڈل میں وٹی مرتی کے مقام پر ڈرائیورس کے لئے آنکھوں کے معائنے کے کیمپ کا افتتاح کیا۔ لاری ڈرائیورس کے آنکھوں کی جانچ کی گئی اور ان میں مفت عینکیں تقسیم کی گئیں۔

○○

کانگریس پارٹی کے آدی واسی نمائندوں کی تربیتی جماعتیں ناگرجنا ساگر وجئے وہار میں شروع ہوئی۔کانگریس کے آدی واسی نمائندوں نے ان تربیتی جماعتوں میں شرکت کی۔تلنگانہ کانگریس معاملات کی انچارج دیپاداس منشی نے آج سے ایک ہفتہ کے تربیتی سیشن کا افتتاح کیا۔ٹی پی سی سی کے صدر مہیش کمار گوڑ،نلگنڈہ کے رکن پارلیمنٹ رگھوویر ریڈی اور دوسرے اس موقع پر موجود تھے۔

○○

حیدرآباد کے میڑچل چک پوسٹ پر آج سڑک کے ایک حادثہ میں تین لوگ ہلاک ہوگئے اور شخص زخمی ہوا۔یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب ایک ٹرک کی ایک ٹووہیلر سے ٹکر ہوگئی۔اس کے نتیجہ میں شوہر، بیوی اور ان کی بیٹی ہلاک ہوگئے جو اسکوٹر پر سفر کررہے تھے۔ان کے بیٹے کو دونوں پیروں میں فریکچر آئے اور پولیس نے اسے ایک قریبی ہاسپٹل میں شریک کیا۔

○○

منچریال ضلع میں آج یلم پلی پراجکٹ سے آبپاشی کا پانی چھوڑا گیا۔جس سے گڑم لفٹ اریگیشن اسکیم کے ذریعہ دنڈے پلی،Luxtipally اور حاجی پور منڈلوں میں اندازاً 30 ہزار ایکر کی زرعی زمین کو فائدہ ہوگا۔اس موقع پر رکن اسمبلی پریم ساگر راؤ نے کسانوں سے کہا کہ وہ گڈم لفٹ اسکیم کے ذریعہ پہنچائے جانے والے پانی کا استعمال کرتے ہوئے یاسنگی کے موسم میں اونچی پیداوار حاصل کریں۔

○○

حیدرآباد کی سالانہ نمائش سے متاثر ہوکر نرمل میں پہلی نمائش شروع ہورہی ہے۔اس تین روزہ نمائش کا افتتاح آج منی این ٹی آر اسٹیڈیم میں ہوا جس کا مقصد نرمل کی انوکھی پہچان،تہذیبی ورثہ اور فنکارانہ مہارت کو پیش کرنا ہے۔نرمل کی نمائش فنکاروں،دستکاروں اور مقامی لوگوں کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم ہوگا جس میں وہ ایک جگہ جمع ہوکر ضلع کی روشن روایتوں کا جشن منائیں گے۔

○○

قومی شاہراہوں سے متعلق سلامتی کے مہینہ کے دوران کئی ضلعوں میں ٹرافک قاعدوں اور سڑک حادثوں کی روک تھام کے بارے میں بیداری پروگرامس رکھے جارہے ہیں۔راما گنڈم پولیس کمشنریٹ میں 5K رن کا اہتمام کیا گیا۔پولیس کمشنر سرینواس نے بتایا کہ اگر گاڑی چلانے والے ٹرافک اصولوں پر عمل کریں گے تو ان کی زندگیوں اور خاندانوں کی حفاظت کی ضمانت ہوگی۔

○○

جنارم رینج کے محکمہ جنگلات کی انچارج سشما راؤ نے کہا ہے کہ کوال پولا کنزرویٹر سنٹر کے ضلعوں منچریال،نرمل اور عادل آباد میں چک پوسٹ رات 9 سے صبح 6 بجے کے درمیان بند رہیں گے اور بڑی گاڑیوں کی نقل وحرکت کو روک دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ اعلیٰ عہدیداروں کی اس ہدایت کے مدنظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ رات کے وقت سڑکوں پر جنگلی جانور گزررہے ہیں۔

○○

ریاستی وزیر ڈی سری دھر بابو نے کہا ہے کہ حیدرآباد جدید تکنالوجی اور مصنوعی ذہانت میں عالمی مرکز بن رہا ہے۔وزیر نے آج حیدرآباد میں ڈاٹا اکنامی ورک اسٹیشن کا افتتاح کیا۔انہوں نے کہا کہ نئی کمپنیاں حیدرآباد آنے میں دلچسپی لے رہی ہیں کیونکہ یہاں انسانی وسائل اور بہترین انفرااسٹرکچر دستیاب ہے۔انہوں نے کہا کہ ینگ انڈیا اسکل یونیورسٹی صنعت کو ہنرمند مین پاور فراہم کرے گی۔

○○

مرکزی وزارتِ صحت نے کہا ہے کہ وہ پچھلے کچھ ہفتوں میں چین میں ایچ ایم پی وی وائرس کے پھلاؤ پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ وزارت نے کہا کہ آئی سی ایم آر، ایچ ایم پی وی وائرس کی جانچ کے لئے تجربہ گاہوں کی تعداد میں اضافہ کرے گی۔ وزارت نے کہا کہ پورے سال اس وائرس کے رجحان پر نظر رکھے گی۔ ڈائرکٹر جنرل ہیلتھ سرویس ڈاکٹر اتل گوئل نے عوام کو یقین دلایا کہ موجودہ صورتحال کے بارے میں پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے عوام سے خواہش کی کہ احتیاط برتیں۔

○○

تلنگانہ اعلیٰ تعلیمی کونسل کے صدر نشین اور جے این ٹی یو کے وائس چانسلر بالا کرشنا ریڈی نے کہا ہے کہ ریاست کے تعلیمی نظام میں انوکھا سدھار لانے کے لئے قدم اٹھائے جا رہے ہیں۔ ناگر کرنول ضلع ہیڈ کوارٹر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جلد ہی سیٹ امتحانات کے لئے اعلامیہ جاری کیا جائے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ گرین جے این ٹی یو پروگرام پر عمل کیا جا رہا ہے۔

○○